© rasailojaraid.com



مسٹر غلام احمد پرویز اور ناشر ادارہ طلوع اسلام لاہور ہے۔ مگر کتاب پڑھی تو خرافات سے بھری ہوئی لگی۔ خصوصاً علمائے کرام اور علمائے دیوبند کے خلاف بہت کچھ لکھا۔ میں اقتباس نقل کرنے کی بجائے آپ کی توجہ اس کتاب کی طرف مبذول کرا رہا ہوں۔ اگر یہ کتاب واقعی ناکارہ ہے تو پھر وزارت خارجہ پاکستانی سفارت خانوں کے ذریعہ ایسے لٹریچر کو کیوں پھیلایا جا رہا ہے۔ ان اداروں میں ایسے خیالات رکھنے والے عناصر نے رسائی حاصل کی ہے۔ جو قرآن و سنت کے خلاف حکومت کے معتبر ذرائع سے پرچار کر رہے ہیں۔

(الحق کا ایک معتمد وقائع نگار وفاری مقیم تھائی لینڈ)

**الحق** جی ہاں یہ مشہور رسوائے زمانہ منکر حدیث کا کتابچہ ہے۔ باقی لٹریچر جس کی نشاندہی آپ نے کی ہے اسی طرح مخدوش ہے۔ پاکستانی سفارت خانے کی اس جہالت یا پھر اسلام دشمنی کی جتنی بھی مذمت کی جائے تو کم ہے۔ ملک کے مسلمہ آئینی اساس حدیث اور سنت نبوی کے خلاف ایسے غدارانہ سرگرمیوں میں ملوث افراد کی جگہ سرکاری عہدوں کے بجائے کوئی زندان ہونا چاہیے تھا۔ باہر کے پاکستانی دردمند مسلمان مخاطرہ گر نشاندہی کرتے رہیں۔ ممکنہ اقدامات میں کوتاہی نہیں ہوگی۔

**مصائب نبوی صلی** | الحق کے اس کالم میں ایک صاحب کی مصائب سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم پر مستقل کتاب مرتب کرنے کی تجویز آئی تھی۔ اطلاعاً عرض ہے کہ اس عنوان پر مفتی ظفیر الدین صاحب دیوبند کی کتاب ندوۃ المصنفین دہلی سے شائع ہوئی ہے۔

اعجاز احمد سنگھانوی۔ کورنگی ٹاؤن شپ کراچی۔


# عینی شرح ھدایہ

اس کتاب کا اصلی نام " اَلْبِنَایَة " ہے۔ فقہ حنفی میں ہدایہ بے مثال کتاب ہے۔ اس کی شروح میں البنایۃ لاجواب شرح ہے۔ اس عربی شرح کی چند خصوصیات حسب ذیل ہیں۔ ۱۔ ہدایہ کے دقیق و مشکل مقامات کو حل کرنا۔ ۲۔ فقہی اختلافی مسائل میں ائمہ اربعہؒ کے مذاہب و دلائل کو تفصیل سے بیان کرنا۔ ۳۔ احادیث و آثار کی روشنی میں حنفی مسلک کی ترجیح ثابت کرنا۔ ۴۔ بظاہر متعارض احادیث کی معقول توجیہہ کرنا۔ ۵۔ حسب ضرورت لغوی و نحوی تحقیق سے قاری کو محظوظ کرنا۔

الغرض یہ کتاب حدیث و فقہ کا عظیم الشان ذخیرہ ہے۔ اس کے قدیم مطبوعہ نولکشور نسخہ میں بے شمار اغلاط ہیں۔ اب تصحیح کے مکمل اہتمام کے ساتھ اسے شائع کیا جا رہا ہے۔

**مکتبہ امدادیہ۔ ٹی بی ہسپتال روڈ ملتان** - ناظم مکتبہ امدادیہ ملتان


© rasailojaraid.com